## امریکی سفیر اینی ڈبلیو پیٹرسن نے ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی، قاتلانہ حملے کے واقعہ پر اظہارِ افسوس
## ملک میں سیاسی اور جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے ایم کیوایم کا کردار قابل تعریف ہے، امریکی سفیر

اسلام آباد۔۔۔5، اکتوبر 2007ء

پاکستان میں امریکن سفیر اینی ڈبلیو پیٹرسن (ANE W PATTERSON) نے پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر و پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی اور 29 ستمبر کو پولی کلینک اسپتال اسلام آباد میں ڈاکٹر فاروق ستار پر حملے اور تشدد کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر امریکہ اور پاکستان کے باہمی تعلقات اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا جبکہ سیاسی اور جمہوری عمل کے مستقبل اور اعتدال پسند اور ترقی پسند قوتوں کے درمیان اشتراک عمل پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی۔ امریکی سفیر نے ملک میں سیاسی اور جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے ایم کیوایم کے کردار کو بھی سراہا۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ٹھٹھہ،
## خیرپور اور لاڑکانہ میں بڑے امدادی پروگراموں کا انعقاد
## سینکڑوں غرباء، مساکین، معذور اور مستحق افراد میں لاکھوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء اور نقد رقوم کی تقسیم

کراچی۔۔۔5، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سندھ میں غریب و مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے جمعہ کے روز ٹھٹھہ، خیرپور اور لاڑکانہ میں بڑے امدادی پروگرام منعقد کئے گئے جن میں سینکڑوں غریب و مستحق افراد میں لاکھوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی گئیں۔ امدادی اشیاء میں سلائی مشینیں، خشک اجناس، پنکھے، سائیکل، وہیل چیئر، زنانہ مردانہ ملبوسات، واٹر کولر، پھلوں اور سبزیوں سے لدے ٹھیلوں کے علاوہ دیگر امدادی اشیاء بڑی مقدار میں شامل تھیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ضلع ٹھٹھہ میں امدادی پروگرام کا انعقاد S.R.T.C گراؤنڈ میں منعقد ہوا جس میں غریب و مستحق نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، حق پرست صوبائی مشیر ایم اے جلیل، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین رشید بھیا، جمال برمانی، ہمایوں زیدی اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے ارکان نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کیں۔ خیرپور میں امدادی پروگرام بنارس کالونی گراؤنڈ میں ہوا جس میں ہزاروں مستحقین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی منظور حسن، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین ریاض احمد، سراج راجپوت، غلام حیدر راہو اور خیرپور زونل کمیٹی کے اراکین نے مستحقین میں امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لاڑکانہ میں امدادی پروگرام جناح باغ یوسی 1 میں ہوا جس میں سینکڑوں غرباء، مساکین، نادار، معذور اور مستحق افراد میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی کے رکن و صوبائی مشیر اشفاق منگی، حق پرست صوبائی مشیر نعمان سہگل، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک، اراکین عبدالرشید، یاور فیصل، عزیز سومرو اور لاڑکانہ زونل کمیٹی کے اراکین نے مستحقین میں امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین انسانیت کی بلاامتیاز خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کا قیام اور اس کے تحت سال ہا سال غریب و مستحق افراد کی امداد اسی تعلیمات کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب و مستحق افراد کی بلاامتیاز خدمت کیلئے باقاعدہ فلاحی ادارہ قائم کررکھا ہے جسکے تحت سال بھر غریب و مستحق افراد کی امداد کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ امدادی پروگراموں سے مستفید ہونے والے غریب و مستحق افراد نے اپنے جذبات کا ظہار کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہماری جس طرح سے امداد کی اس سے ہم اور ہمارے اہل خانہ عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عملی اقدامات کی تقلید کرنی چاہیئے۔ اس موقع پر غریب و مستحق افراد نے امدادی پروگراموں کے انعقاد پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی انتظامیہ سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم کے اراکین سندھ اسمبلی کا اہم اجلاس
## صدارتی انتخاب کے سلسلے میں ہونے والی ووٹنگ سمیت دیگرامور پرغور کیا گیا
## ملک کومکمل طور پرجمہوریت کی طرف لیجانے کے مقصد کیلئے صدر پرویز مشرف کوووٹ دیں گے

کراچی۔۔۔5 اکتوبر2007ء

ایم کیوایم کے اراکین سندھ اسمبلی کا ایک اہم اجلاس جمعہ کی سہ پہرعزیز آباد کے خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی رابطہ کمیٹی کے انچارج انورعالم نے کی جبکہ اس موقع پرارکان رابطہ کمیٹی عادل صدیقی ، ڈاکٹرنصرت ،ممتاز انوار،خورشیدافسراورڈاکٹر عاصم کے علاوہ سندھ اسمبلی میں حق پرست گروپ کے لیڈر سیدسرداراحمد بھی موجود تھے۔اجلاس میں ہفتے کوصدارتی انتخاب کے سلسلے میں سندھ اسمبلی میں ہونے والی ووٹنگ سمیت اسی حوالے سے دیگرامور پرغور کیا گیا۔اجلاس میں اس عزم کودہرایا گیا کہ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی ملک کومکمل طور پرجمہوریت کی طرف لیجانے کے مقصد کیلئے اور جمہوریت کے وسیع تر مفاد میں صدارتی انتخاب میں صدر پرویز مشرف کوووٹ دیکرمکمل حمایت کریں گے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی میں سالانہ امدادی پروگرام اتوار 7،اکتوبرکوہوگا،الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔5،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام کراچی میں غریب ومستحق افرادکوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے سالانہ امدادی پروگرام 7،اکتوبر 24رمضان المبارک بروز اتوار کوسہ پہرتین بجے منعقد ہوگا۔یہ امدادی پروگرام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی 7 بلاک 14 فیڈرل بی ایریا میں ہوگا جس میں ہزاروں غرباء،مساکین ، نادار،معذوراورمستحق نوجوانوں ، بزرگ اورخواتین شرکت کریں گی اوران میں کروڑوں روپے مالیت کی امدادی اشیاءاورنقدرقوم تقسیم کی جائیں گی۔ سالانہ امدادی پروگرام سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فون پرخطاب کریں گے۔

## ایم کیوایم کی پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سردارہمایوں نے ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی

اسلام آباد۔۔5،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سردار ہمایوں نے پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستار کی عیادت کی اوران پر شرپسندوکلاء کے قاتلانہ حملے اورتشدد پرگہری تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے اہلیان پنجاب اوراپنی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## نام نہادشرپسندوکلاءپوری وکلاءبرادری کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں،کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔5،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ اوراراکین کمیٹی نے کہا ہے کہ نام نہادشرپسندوکلاء پوری وکلاء برادری کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں اوران کے خلاف آئین وقانون کے مطابق کارروائی عمل میں لانا انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے مترادف ہوگا۔اپنے مشترکہ بیان میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستارازراہِ ہمدردی صحافیوں کولیکر پولی کلینک اسپتال علاج کی غرض سے لیکر گئے تھے لیکن انہیں یہاں نام نہادشرپسندوکلاء نے بلاجواز قاتلانہ حملہ کرکے اورانہیں بری طرح تشدد کا نشانہ بنا کرثابت کردیا ہے کہ ان وکلاء کے عزائم میں عدلیہ،آئین وقانون کی آزادی نہیں بلکہ اپنے مفادات تکمیل شامل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستارایم کیوایم کے حوالے سے ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں اورانہیں عوام نے قریب سے دیکھا ہے اوران پرقاتلانہ حملہ سے عوام وکارکنان میں شدیدغم وغصہ پایا جارہا ہے لہٰذاضرورت اس بات کی ہے ملک کی عدلیہ کا سب سے اعلیٰ ترین ادارہ سپریم کورٹ اس گھناؤنے فعل کا فی الفوراز خودنوٹس لے اوراس میں ملوث وکلاء کوکسی قسم کی رعایت دینے کے بجائے آئین وقانون کے تقاضوں کوملحوظ خاطر رکھا جائے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ کی فاتحہ چہلم اتوار کو مرحومہ کی رہائشگاہ پر منعقد ہوگی

کراچی۔۔۔۔05/اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون مرحومہ کا چہلم بروز اتوار بتاریخ 7اکتوبر 2007ء24رمضان المبارک1428ھ مرحومہ کی رہائشگاہ واقع روفی گرین سٹی،گلستان جوہر بلاک 18میں ہوگا۔فاتحہ چہلم کے سلسلے میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی بعد نماز ظہر تا مغرب کی جائے گی۔ خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ میں علیحدہ سے کیا گیا ہے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ A-103 کے یونٹ انچارج سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ A-103 کے یونٹ انچارج کنور مبشر کی صاحبزادی عشاء مبشر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆